# بار بار پوچھے جانے والے سوالات

سوال: 1 دودھ دینے والے جانوروں کی دیکھ بھال کیسے کی جائے؟

جواب: 1 جانوروں کو متوازن خوراک اور تازہ پانی فراہم کریں

2 جانوروں کے ماحول کو صاف ستھرا اور پُرسکون رکھیں

3 متعدی بیماریوں کے خلاف شیڈیول کے مطابق جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگوائیں

سوال: 2 ہوانے کی سوزش سے بچاؤ اور کنٹرول کی کیا تدابیر ہیں؟

جواب: 1 ہوانے کو پانی سے صاف کرنے کے بعد تولیے سے خشک کریں

2 دودھ نکالنے والی بالٹی کی صفائی کا خاص خیال رکھیں

3 بچھڑے کو دودھ نکالنے سے پہلے پلا لیں اور دودھ نکالنے کے بعد بچے کو ماں کے نیچے نہ چھوڑیں

4 روزانہ دودھ دھونے والی بالٹی پر کالا کپڑا باندھ کر دودھ لکالا جائے تاکہ دودھ میں تبدیلی کا فوری علم ہو سکے

5 دودھ دوہنے سے پہلے اور بعد میں ہاتھوں اور تھنوں کو جراثیم کش لوشن سے صاف کریں

6 ہوانے کو دودھ سے مکمل طور پر خالی کریں

7 دودھ دھونے کے بعد جانور کو 30 منٹ کھڑا رکھیں اور جوہڑ میں نہ جانیں دیں۔ تاکہ ہوانے کا منہ بند ہو جائے اور بیکٹر یا اندر داخل نہ ہو۔

8 ماہر گوالے سے دودھ نکلوائیں یا ملکنگ مشین کا استعمال کریں

9 مقررہ وقت پر دودھ نکالیں

10 گوالا ہر 15 دن بعد ہر تھن کے دودھ کا ذائقہ اور خوشبو چیک کرلے۔

11 بیماری آنے کے بعد نزدیکی شفاخانہ حیوانات سے رابطہ کریں

سوال 3 جانوروں میں اندرونی کرموں سے بچاؤ اور علاج کس طرح کیا جائے؟

جواب 1 گوبر کا نمونہ لے کر تشخیصی لیبارٹری سے اندرونی کرم کی نشاندہی اور تشخیص کے مطابق ادویات استعمال کریں

2 ہر چار ماہ کے وقفے سے متواتر کرم کش ادویات استعمال کریں

سوال 4 بڑے گوشت کی پیداوار زیادہ کرنے کے لیے جانوروں کو کیسے پالا جائے؟

جواب 1 9 سے 14 ماہ کی عمر کے کسی بھی نسل کے کٹڑے بچھڑے جن کا وزن 100 کلوگرام ہو کا چناؤ کریں

2 جانوروں کو وقت پر کرم کش ادویات اور حفاظتی ٹیکے کروائیں

3 3 تا 4 ماہ کے لیے متوازن خوراک سے فربہ کریں

سوال 5 انمول ونڈا کہاں بنتا ہے؟
جواب انمول ونڈا لائیوسٹاک تجرباتی اسٹیشن رکھ بھونیکی ضلع قصور میں بنتا ہے

سوال: 6 انمول ونڈا کہاں سے دستیاب ہوسکتا ہے؟
جواب: انمول ونڈا متعلقہ تحصیل کے سہولت سینٹر سے میسر ہوسکتا ہے۔

سوال: 7 سہولت سینٹر کہاں کہاں واقع ہیں؟
جواب: محکمہ کی ویب سائیٹ پر بزنس ایڈوائزری کے خانے میں لسٹ میسر ہے۔

سوال: 8 سہولت سینٹر سے ہمیں کیا میسر ہے؟
جواب: درج ذیل چیزیں میسر ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| انمول مکسچر | ایک کلوگرام | -/135 روپے |
| انمول منرل ونڈا | 20 کلو | -/1899 روپے |
| یوریا بلاک | 5 کلوگرام | -/345 روپے |

سوال: 9 ہسپتال میں جانور چیک کروانے کی پرچی فیس کیا ہے۔
جواب: 5 روپے فی جانور

سوال: 10 اگر کوئی جانور یا پرندہ سڑک پر بیمار پڑا ہے تو اسے ریسکیو کرنے کی ذمہ داری کس کی ہے؟
جواب: جانوروں یا پرندوں کو ریسکیو کے لیے 1122 پر رابطہ کریں وہ متعلقہ قریبی شفاخانہ حیوانات میں پہنچا دیں گے۔

سوال: 11 گھوڑے یا گدھے کی بیماری کی صورت میں کہاں رابطہ کریں؟
جواب: گھوڑے، گدھے یا خچر کی بیماری بارے Brooks یا SPCA سے رابطہ کریں۔
Brooks رابطہ نمبر: 042-99211477

سوال: 12 کسی جگہ جانور پر ظلم ہو رہا ہے تو کہاں اطلاع کریں؟
جواب: محکمہ کا ادارہ SPCA سے رابطہ کریں۔
042-99211477 رابطہ نمبر

سوال: 13 اوارہ کتوں کے خاتمے کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

جواب: اوارہ کتوں کے خاتمے کے حوالے سے مجوزہ قانون موجود ہے جس کے مطابق لوکل گورنمنٹ کے اہل کار کتوں کو پکڑ کر متعلقہ شفاخانہ حیوانات میں پہنچائیں گے جہاں انکو نیوٹر کر کے آزاد کر دیا جائے گا۔

سوال: 14 جانوروں کی درآمدات اور برآمدات کا طریقہ کار کیا ہے۔

جواب: جانوروں کے کوارنٹین ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

رابطہ نمبر 042-36631062

سوال: 15 گوشت کی درآمدات اور برآمدات کا طریقہ کار کیا ہے۔

جواب: محکمہ کا ادارہ PAMPCO سے رابطہ کریں رابطہ نمبر

0334-4767592

سوال: 16 لائیوسٹاک فارمنگ کے لیے قرضہ کی سہولیات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

جواب: تمام شیڈیول بینک قرضہ فراہم کرتے ہیں

سوال: 17 مصنوعی نسل کشی کی سرکاری فیس کیا ہے؟

جواب: پروون بُل کا ٹیکہ فی ڈوز -/100 روپے اور عام بُل کی فی ڈوز قیمت -/50 روپے ہے

سوال: 18 انمول ونڈا کی فی تھیلا قیمت اور وزن کیا ہے؟

جواب: انمول ونڈا کا 20 کلوگرام کا تھیلا -/1899 روپے قیمت میں دستیاب ہے۔

سوال: 19 مصنوعی نصل کشی کے لیے امپورٹڈ ڈوز کی قیمت کیا ہے؟

جواب: امپورٹڈ فریزن 330 روپے اور 600 روپے

امپورٹڈ جرسی نسل 870 روپے

سوال: 20 موسمی بیماریوں سے جانوروں کو کیسے بچایا جاسکتا ہے؟

جواب: 1 بروقت حفاظتی ٹیکہ جات لگوائیں

2 جانوروں کو موسمی شدت گرمی وسردی سے بچائیں

3 پینے کا پانی صاف اور تازہ فراہم کریں۔

سوال: 21 جانوروں میں بچہ دانی کے پرولیپس کا کس طرح تدارک ہوسکتا ہے؟

جواب: 1 جانور کے جسم کا پچھلا حصہ اونچا کریں

2 منرل مکسچر دیا جائے
3 چھکی چڑھا کر رکھی جائے
4 نزدیکی شفاخانہ حیوانات سے رجوع کیا جائے
5 قبض کی صورت میں قبض کشا ادویات کا استعمال کریں۔
6 خشک چارہ دینے سے پرہیز کریں اور سبز چارے کا استعمال کریں۔

سوال: 22 کنٹرول پولٹری فارمنگ کے لیے قرضہ حاصل کرنے کے لیے فزیبلٹی رپورٹ کہاں سے لی جائے؟
جواب: شیڈیول بینک سے قرضہ حاصل کرنے کے لیے فزیبلٹی رپورٹ اپنے متعلقہ ڈسٹرکٹ آفیسر لائیوسٹاک کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے یا محکمہ کی ویب سائیٹ سے حاصل کریں۔

سوال: 23 پولٹری یونٹ کہاں سے حاصل کیے جاسکتے ہیں؟
جواب: پولٹری یونٹ کے حصول کے لیے اپنے متعلقہ سول ویٹرنری ہسپتال CVH میں اپنے نام اور شناختی کارڈ کا اندراج کروائیں۔ سکیم شروع ہونے کی صورت میں آپکا نام قرع اندازی میں شامل کر دیا جائے گا اور آپکا نام قرع اندازی میں نکلنے کی صورت میں فون کال معصول ہو جائے گی۔

سوال: 24 ساہیوال گائے کہاں سے دستیاب ہے؟
جواب: ساہیوال گائے مقامی منڈیوں سے مخصوص تاریخوں میں خریدی جاسکتی ہیں

سوال: 25 منڈیوں کی معلومات کہاں سے مل سکتی ہے۔
جواب: محکمہ کی ویب سائیٹ پر منڈیوں کی لسٹ دستیاب ہے۔

سوال: 26 کجلی بھیڑ اور لیلے کہاں سے خریدے جاسکتے ہیں؟
جواب: زیادہ جانور مقامی مویشی منڈیاں ضلع خوشاب اور سرگودھا سے خریدے جاسکتے ہیں لائیوسٹاک تجرباتی فارم سیکسر روڈ خوشاب سے ایک یا دو جانور خریدے جاسکتے ہیں۔

سوال: 27 مرغیوں کو موسمی بیماریوں سے کیسے بچایا جاسکتا ہے؟
جواب: 1 بروقت حفاظتی ٹیکہ جات لگوائیں
2 بارشوں کے دوران شیڈ میں نمی سے بچائیں
3 عمر اور موسم کے مطابق مناسب درجہ حرارت قائم رکھیں
4 گرمیوں میں زیادہ درجہ حرارت سے پرندوں کو بچائیں

سوال: 28 جانوروں اور پرندوں کو بیرونی کرموں سے کیسے بچایا جاسکتا ہے؟
جواب: بیرونی کرم کش ادویات کا محلول جانوروں کے جسم پر لگائیں یا ناک اور منہ بچا کر سپرے کریں۔

سوال: 29 محکمہ لائیوسٹاک جانوروں کے لیے کیا سہولیات فراہم کرتا ہے؟
جواب: محکمہ لائیوسٹاک درج ذیل سہولیات فراہم کرتا ہے

1 مفت حفاظتی ٹیکہ جات
2 علاج معالجہ اور اندرونی بیرونی کرموں کی ادویات
3 لیبارٹری کی سہولت
4 مصنوعی نسل کشی مخصوص قیمت پر
5 ونڈا و منرل مکسچر وغیرہ کی فراہمی
6 جانوروں اور پولٹری کے لیے فزیبلٹی رپورٹ فراہم کرتا ہے
7 جانوروں کو ذبح کرنے سے پہلے اور ذبح کرنے کے بعد معائنہ کی سہولیات فراہم کرتا ہے
8 پیشہ ورانہ اور تکنیکی معاونت برائے لائیوسٹاک فارمنگ بذریعہ ہیلپ لائن
9 پرنٹ لٹریچر مفت فراہم کیا جاتا ہے

سوال: 30 کیا محکمہ نسل کشی کے لیے نر جانور فراہم کرتا ہے؟
جواب: ریسرچ سنٹر برائے کنزرویشن ساہیوال گائے RCCSC جھنگ اور بفیلو ریسرچ انسٹیٹیوٹ پتوکی سے مل سکتے ہیں

سوال: 31 برائیلر مرغیوں کی پیداوار کس طرح بڑھائی جاسکتی ہے؟
جواب:
1 صحت منداور اچھی نسل کے چوزے خریدیں
2 اچھی دیکھ بھال اور متوازن غذا فراہم کریں
3 شیڈیول کے مطابق بروقت حفاظتی ٹیکہ جات لگوائیں
4 پرندوں کو شدید گرمی اور سردی سے بچائیں
5 برسات کے موسم میں پرندوں کے شیڈ میں نمی کو کنٹرول کریں
6 پرندوں کی بڑھوتری کے لیے مناسب جگہ فراہم کریں

سوال: 32 محکمہ لائیوسٹاک سے کون کون سا لٹریچر دستیاب ہے؟
جواب: محکمہ لائیوسٹاک درج ذیل لٹریچر چھاپ کر دلچسپی رکھنے والے حضرات کو مہیا کرتا ہے

1 گائیوں کی افزائش
2 بھینسوں کی افزائش
3 بیماریوں کے بارے فولڈر

4 کٹڑے بچھڑے فربہ کرنا
5 بکریوں کی افزائش
6 بھیڑوں کی افزائش
7 دیہی مرغبانی

سوال: 33 محکمہ لائیوسٹاک پولٹری فارمنگ کے لئے کس طرح تربیت دیتا ہے؟
جواب: محکمہ پولٹری پروڈکشن کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر کے دفتر اور پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ(PRI) راولپنڈی میں مختلف دوارانیہ کے کورسز منعقد کرتا ہے
پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ(PRI)فون نمبر:051-9292172

سوال: 34 کیا محکمہ لائیوسٹاک فارمنگ کے لیے تربیت دیتا ہے؟
جواب: مقامی ویٹرنری آفیسر اور ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ہر ماہ شیڈیول کے مطابق کسان لائیوسٹاک بیٹھک منعقد کرواتے ہیں جن میں زمینداروں کو محکمانہ تعلیم اور ڈیری فارمنگ بارے بتایا جاتا ہے

سوال: 35 انڈوں کی پیداوار کو کس طرح بڑھایا جاسکتا ہے؟
جواب: 1 مناسب خوراک کا استعمال
2 صاف اور تازہ پانی کی بروقت فراہمی
3 روشنی کی فراہمی کا مناسب انتظام
4 پیٹ کے کیڑوں کی دوائی کا بروقت استعمال
5 انڈوں کو دن میں کم از کم دو مرتبہ اکٹھا کرنا
6 ٹوٹے ہوئے انڈوں کو فوری طور پر اٹھالینا

سوال: 36 مرغیوں میں کچے انڈے دینے کی روک تھام کیسے کی جائے؟
جواب: پرندوں کو خوراک میں DCP پاؤڈر کا استعمال کروائیں۔

سوال: 37 زیادہ انڈے دینے والی مرغیوں کی کیا خصوصیات ہیں؟
جواب: 1 روشن آنکھیں
2 سرخ کلغی
3 نرم پیٹ
4 سینے سے دم تک 4 انگلی کا فاصلہ
5 کولہوں کے درمیان 2 انگلی کا فاصلہ

سوال: 38 محکمہ لائیوسٹاک کے پاس گائے اور بھینس کی کون کون سی نسل کے سانڈ کا (سیمن) تخم دستیاب ہے؟
جواب: 1 نیلی راوی بھینس اور ساہیوال گائے
2 چولستانی
3 دھنی
4 فریزن اور فریزن کراس ساہیوال (FxS)
5 جرسی کراس ساہیوال (JxS)

سوال: 39 محکمہ لائیوسٹاک کے پاس گائے اور بھینس کے کتنے پروون بُل دستیاب ہیں؟
جواب: محکمہ کے پاس سیمن پروڈکشن یونٹ میں 36 بھینسوں اور 18 گائیوں کے پرون بُل دستیاب ہیں

سوال: 40 اچھی نسل کے جانور کہاں سے مل سکتے ہیں؟
جواب: اچھی نسل کے جانور مقامی مویشی منڈیوں سے جسمانی خوبصورتی کی بنا پر خریدے جاسکتے ہیں۔اسکے علاوہ تمام لائیوسٹاک فارموں پر جانوروں کا نیلام عام کیا جاتا ہے۔اس میں حصہ لے کر فارمر حضرات جانور خرید سکتے ہیں۔

سوال: 41 کیا محکمہ ڈیری/پولٹری فارمنگ کے لیے قرضہ فراہم کرتا ہے؟
جواب: محکمہ لائیوسٹاک قرضہ فراہم نہیں کرتا

سوال: 42 کیا محکمہ ڈیری فارم بنانے کے لیے جانور مہیا کرتا ہے؟
جواب: محکمہ لائیوسٹاک ڈیری فارمنگ بنانے کے لیے نر جانور برائے نسل کشی فراہم کرتا ہے جبکہ مادہ جانور مقامی مویشی منڈیوں سے حاصل کئے جاسکتے ہیں (نر جانور بہادرنگر، پتوکی اور کلورکوٹ سے دستیاب ہوسکتے ہیں)

سوال: 43 کون کون سے سبز چارے گرمیوں میں کاشت کئے جاسکتے ہیں؟
جواب: 1۔مکئی 2۔جوار 3۔سدابہار 4۔ماٹ گراس 5۔باجرا 6۔روانحہ 7۔گوارہ 8۔باجرا نا پیئر ہائبیریڈ 9۔سپر مباسا 10۔روٹ گراس

سوال: 44 سردیوں میں کون کون سے چارے کاشت کریں؟
جواب: 1۔برسیم 2۔لوسرن 3۔جئی 4۔رائی گراس 6۔رائی گراس

سوال: 45 ماٹ گراس کی قلمیں اور جڑیں کہاں سے دستیاب ہیں؟

جواب: ماٹ گراس کی قلمیں اور جڑیں زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور LPRI بہادرنگر اوکاڑہ سے مل سکتی ہیں اور اسکے علاوہ Hybrid Napier چارہ کی قلمیں بھی مفت دستیاب ہیں۔

سوال: 46 ایک پولٹری فارم دوسرے فارم سے کتنے فاصلے پر بنانا چاہئے؟

جواب: 1 برائیلر سے برائیلر فارم 1 کلومیٹر فاصلہ پر

2 لیئر سے لیئر فارم 2 کلومیٹر فاصلہ پر

3 بریڈر سے بریڈر فارم 3 کلومیٹر فاصلہ پر

سوال: 47 ڈیری یا پولٹری فارم محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سے کس طرح رجسٹر کروائے جاسکتے ہیں؟

جواب: مقامی ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ڈیری یا پولٹری فارم رجسٹر کرتے ہیں

سوال: 48 دودھ دینے والے جانوروں کو ونڈا کتنی مقدار میں دینا چاہئے؟

جواب 3 کلوگرام دودھ دینے پر 1 کلو ونڈا دیں پہلے 3 کلو دودھ پر ونڈا دینے کی ضرورت نہیں

سوال: 49 دودھ دینے والے جانور کو روزانہ کتنا سبز چارہ دینا چاہئے؟

جواب: جانور کے زندہ وزن کا دس فیصد سبز چارہ کھلانا چاہئے

سوال: 50 دودھ دینے والے جانوروں کو راشن دینے کا کیا فارمولا ہے؟

جواب: راشن کا فارمولا محکمہ لائیوسٹاک کی ہیلپ لائن 08000-9211 سے یا محکمانہ چھاپے جانے والے لٹریچر کو پڑھنے سے مل سکتے ہیں

سوال: 51 دودھ پیتے بچھڑے کو کتنی مقدار میں دودھ دینا چاہئے؟

جواب: دودھ پیتے بچھڑے کو اس کے جسمانی وزن کے دس فیصد کا روزانہ دودھ پلانا چاہئے

سوال: 52 بڑا گوشت اور چھوٹا گوشت بڑھانے کا کیا راشن فارمولا ہے؟

جواب: محکمانہ لٹریچر میں راشن کے فارمولے دیستاب ہیں۔

سوال: 53 دوھیال جانور کو فارم میں کتنی جگہ درکار ہے؟

جواب: ایک دودھیال جانور کو چھتی ہوئی 40 مربع فٹ جبکہ کھلی 80 مربع فٹ جگہ درکار ہے۔

سوال: 54 سائیلج کس طرح اور کتنی مدت تک محفوظ کیا جاسکتا ہے؟

جواب: سبز چارے میں جب پھول نکلنے شروع ہو جائیں تو اس کو چھوٹا کاٹ کر گڑھا میں دبا کر بغیر ہوا کے گزرے ایک ماہ تک بند رکھیں اس کے بعد جانور کو کھلائیں۔ جب تک چارہ ہوا بند رہے گا چارہ محفوظ رہے گا۔

سوال: 55 کیا محکمہ مرغیوں کی خوراک تیار کرتا ہے؟
جواب: کمرشل فیڈ محکمہ تیار نہیں کرتا تاہم پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ راولپنڈی نے فیڈ پیکٹ (جو کہ 1 کلوگرام کا ہوتا ہے) تیار کئے ہیں جنہیں گھریلو مرغیوں کو اناج کے ساتھ ملا کر کھلایا جا سکتا ہے جبکہ کمرشل فیڈ پرائیویٹ فیکٹریاں تیار کرتی ہیں اور مختلف قسم کی فیڈ مارکیٹ میں دستیاب ہیں

سوال: 56 برائیلر/لیئر پرندہ کو کتنی جگہ درکار ہوتی ہے؟
جواب: برائیلر مرغی کو 1 مربع فٹ اور لیئر کو 2 مربع فٹ جگہ درکار ہوتی ہے

سوال: 57 محکمہ کے دفتری اوقات کیا ہیں؟
جواب: محکمہ لائیوسٹاک کے دفتری اوقات صبح 8:00 بجے سے 3:00 بجے دوپہر تک اور بروز جمعہ صبح 8:00 بجے سے 12:00 بجے تک ہیں

سوال: 58 رانی کھیت بیماری کی حفاظتی تدابیر اور ویکسینیشن شیڈیول کیا ہے؟
جواب: محکمہ سے تجویز کردہ ویکسینیشن شیڈیول اس طرح ہے
ایک ہفتہ کی عمر تک آنکھوں میں قطرے، 21 دن کے بعد 1/2 سی سی زیر جلد اور 2 ماہ کے بعد 1 سی سی زیر جلد رانی کھیت ویکسین کا ٹیکہ کیا جائے

سوال: 59 جانوروں کا ویکسین شیڈیول کیا ہے؟
جواب: ویکسینیشن چارٹ میں اس کی تفصیل درج ہے

سوال: 60 جانوروں کے دودھ کی پیداوار کیسے بڑھائی جائے؟
جواب: منرل مکسچر اور ونڈے کا استعمال کریں

سوال: 61 جانوروں میں دودھ کی پیداوار بڑھانے کے لیے ہارمون انجیکشن لگایا جا سکتا ہے؟
جواب: نہیں یہ جانور کی صحت پر برے اثرات مرتب کرتا ہے۔

سوال: 62 چارے کی کمی کو کیسے پورا کیا جا سکتا ہے؟
جواب: سائیلج کا استعمال عام کریں جو کہ سستا اور غذائیت سے بھرپور ہے

سوال: 63 نر جانوروں کو کس عمر میں آختہ کرنا چاہئے؟
جواب: جب دودھ پینا چھوڑ دیں تب آختہ کریں

سوال: 64 آکسیٹوسین لگانے کے انسانوں یا جانوروں میں کیا نقصانات ہیں؟
جواب: اس ٹیکے سے انسانی صحت پر کوئی اثر نہیں ہوتا اور دودھ ہمیشہ ابال کر استعمال کریں

سوال: 65 گوٹ فارمنگ میں کون کون سی نسل بہتر ہے؟
جواب: جس علاقے میں گوٹ فارمنگ کریں وہاں کی مقامی نسل کا انتخاب کریں

سوال: 66 سائیلج بنانے کا طریقہ کیا ہے؟
جواب: دوغلی مکئی جب دانوں پر آئے اسے کتر کر سائیلج بنائیں

سوال: 67 کیا محکمہ لائیوسٹاک سے مرغیاں مل سکتی ہیں؟
جواب: ہاں محکمہ کے سرکاری فارم سے مرغیاں دستیاب ہیں

سوال: 68 کیا فارم بنانے کے لیے محکمہ لائیوسٹاک سے جانور مل سکتے ہیں؟
جواب: جانور صرف نیلامی کی صورت میں مل سکتے ہیں اور نیلامی کی اطلاع بذریعہ اشتہار یا اخبار میں دی جاتی ہے۔

سوال: 69 بکریوں کو کون کون سی بیماریوں کے حفاظتی ٹیکے لگوائے جائیں
جواب: بکریوں میں پی پی آر، پلورونمونیا، چیچک اور منہ کھر کے حفاظتی ٹیکے لگوائیں

سوال: 70 گائے بھینسوں میں گل گھوٹو اور منہ کھر کے حفاظتی ٹیکے کب لگانے چاہئیں
جواب: گل گھوٹو مئی جون اور نومبر دسمبر جبکہ منہ کھر مارچ اپریل اور ستمبر اکتوبر میں لگائے جاتے ہیں

سوال: 71 جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کی کیا فیس ہے
جواب: جانوروں میں حفاظتی ٹیکہ جات محکمہ کی جانب سے فری لگائے جاتے ہیں۔

سوال: 72 ڈیری فارم کے لیے کون کون سی نسل کی گائیں اور بھینسیں بہتر ہیں؟
جواب: ڈیری فارم کے لیے دوغلی نسل، ساہیوال اور چولستانی گائیں اور نیلی راوی بھینس بہترین ہیں

سوال: 73 چارہ کاٹنے والی مشین کہاں سے ملے گی
جواب: مختلف کمپنیوں کے نمبر حاصل کرنے کے لیے ہماری ہیلپ لائنز سے رابطہ کریں

سوال: 74 گائے اور بھینس میں Anoestrus کا کیا علاج ہے
جواب: اپنے قریبی شفاخانہ حیوانات کے ڈاکٹر سے رابطہ کریں

سوال: 75 پولٹری فارمنگ کا کاروبار مفید ہے کہ نہیں
جواب: پولٹری فارمنگ منافع بخش کاروبار ہے

سوال: 76 ایگریکلچر ہیلپ لائن کا رابطہ نمبر کیا ہے
جواب: 0800-15000یا0800-29000

سوال: 77 (Dehorning) سینگ کس عمر میں کاٹے جائیں
جواب: پیدائش کے ایک ہفتے کے اندر اندر

سوال؛ 78 ہمارے گھر یا دفتر کے قریب کتے، بلی یا کسی بھی پالتو جانور پر ظلم ہو رہا ہے تو کیا کریں۔
جواب: لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت ایک ادارہ SPCA ہے جن کا دفتر یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور UVAS میں ہے وہ جانوروں کے حقوق اور تحفظ کے لیے کام کرتے ہیں۔ اُن سے رابطہ کریں۔

سوال: 79 گھوڑوں اور گدھوں کے علاج اور فلاح کے لیے کیا کرنا چاہیے۔
جواب: یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور UVAS کے ساتھ ایک برطانیہ کا ادارہ Brooks ہے جو گھوڑوں، کھچروں اور گدھوں کے فلاح کے لیے کام کر رہا ہے۔

سوال: 80 اگر کسی جانور کو کتا کاٹ لے تو کیا کرنا چاہیے؟
جواب: قریبی شفاخانہ حیوانات پر لے کر جائیں۔ ذخم کی جگہ کو دستانے پہن کر فوراً لال صابن سے دھوئیں اور اگر انسان کو کتا کاٹ لے تو فوری زخم لال صابن سے دھو کر قریبی انسانوں کے ہسپتال لے جائیں

سوال: 81 کیا کتے اور بلیوں کی ویکسین سرکاری ہسپتال میں موجود ہوتی ہیں؟
جواب: جی نہیں، محکمہ کتوں اور بلیوں کی ویکسین نہیں بناتا لیکن اگر مالک بازار سے ویکسین خرید لائے تو محکمہ کا ڈاکٹر ویکسین کا ٹیکہ لگا دے گا۔

سوال: 82 کتوں کو مارنے کے بارے میں محکمہ کی کیا پالیسی ہے؟

جواب: محکمہ کا کتوں کو مارنے سے کوئی تعلق نہیں یہ کام لوکل گورنمنٹ کرتی ہے البتہ محکمہ کتوں کے لیے TNVR کا پروجیکٹ چلا رہا ہے۔

سوال: 83 فوری شکایات کا ازالہ کیسے ہوسکتا ہے؟

جواب: آپ محکمہ کی ADRS ایپلیکیشن پر جا کر اپنے جانوروں میں بیماری کی فوری اطلاع کر سکتے ہیں۔

سوال: 84 ایک عام فارمر کو کس طرح علم ہوگا کہ جانور اندرونی کرموں کی پیچیدگیوں کا شکار ہے؟

جواب: 1 جانور کا کمزور اور لاغر ہو جانا جسے ٹک لگنا کہتے ہیں۔

2 جانور کے جبڑے کے نیچے پانی کا بھر جانا جسے زہرباد کہا جاتا ہے

3 گوبر کا پتلا اور بدبودار ہو جانے کے ساتھ ساتھ خوراک کے اجزا کا بغیر ہضم کے آنا

4 گوبر میں بلبلے بننا

5 بچوں میں پیٹ کا بڑھ جانا اور آنکھیں اندر دھنس جانا۔

6 جانور خوراک کھانا کم کر دیتا ہے یا بہت زیادہ کر دیتا جو کہ جانور کے جسم کا حصہ نہیں بنتی

7 جانور کے دودھ کی پیداوار کم ہو جاتی ہے اور جانور بہت زیادہ کمزور ہو جاتا ہے

سوال: 85 جانوروں سے بہترین پیداوار کے حصول کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: 1 جانور کو سائیلج اور سبز چاروں کے ساتھ ساتھ بڑھوتری کی شرح کے مطابق ونڈا کھلائیں

2 جانور کی عمر، وزن اور نسل کے اعتبار سے گروپس میں رکھیں

3 حفاظتی ٹیکہ جات اور کرم کش ادویات کا باقائدگی سے استعمال کریں

4 منافع اور خرچہ کی شرح کو جاننے کے لیے ہر ماہ جانور کا وزن کریں

5 جانوروں کا ریکارڈ رکھنے کے لیے ٹیگ نمبر لگائیں

6 جانوروں کو گرمی اور سردی سے بچائیں اور موسم کے مطابق پینے کے لیے پانی مہیا کریں

7 گوشت کے لیے جانور پالنے کے لیے 150kg والے جانور کا چناؤ کریں اور 300-400kg وزن کے جانور کو فروخت کریں